# محل اقامت سے خارج ہونا

## محل اقامت سے خارج ہونا

مسئلہ ۵۸۸۔ اگر دس دن قیام کا قصد پورا ہونے کے بعد اپنی اقامت گاہ سے چار فرسخ سے کم ( حتی ایک دن یا زیادہ کے لئے ) سفر کرکے خارج ہوجائے تو کوئی اشکال نہیں ہے اور دس دن قیام کے قصد میں کوئی خلل نہیں آتا۔

مسئلہ۵۸۹۔ اگر کوئی شخص دس دن قیام کا قصد پورا ہونے کے بعد ( ابتدائی دس دنوں کے اندر یا اس کے بعد) چار فرسخ سے کم سفر کرنے کا ارادہ کرے اور دوبارہ اقامت گاہ میں ( اس عنوان سے کہ اقامت گاہ ہے) واپس آنے کا قصد رکھتا ہوتو رفت و آمد کے دوران، اس جگہ اور اقامت گاہ میں اس کی نماز پوری ہوگی۔